نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

24 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

453/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

یوایس ایڈ کے ایڈمنسٹریٹر کی پاکستان آمد

اسلام آباد (24 اگست 2010ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کے ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر راجیو شاہ تباہ کن سیلاب پر امریکہ کے وسیع ردعمل کے حوالے سے حکومت پاکستان سے صلاح مشورہ کی غرض سے منگل کو پاکستان پہنچے۔

گزشتہ ماہ آنے والے سیلاب کے بعد ڈاکٹر راجیو شاہ پاکستان کا دورہ کرنے والے اعلیٰ ترین امریکی عہدیدار ہیں۔ ڈاکٹر شاہ کا پچھلے پانچ مہینوں کے دوران پاکستان کا یہ تیسرا دورہ ہے۔ یہاں اپنے قیام کے دوران وہ اعلیٰ حکومتی عہدیداروں، پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے کلیدی نمائندوں اور اقوام متحدہ اور آفات سے نمٹنے والی دیگر تنظیموں کی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔

ڈاکٹر شاہ کی قیادت میں یوایس ایڈ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جاری پروگراموں کو توسیع دینے، آفت زدگان کی مدد اور انھیں اشد ضرورت کی اشیاء کی فراہمی کیلئے امریکہ کے معتد بہ سویلین ذرائع کو زیر استعمال لانے کیلئے دیگر امریکی اداروں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ یہ کوششیں سیلاب زدہ علاقوں کی طویل مدتی تعمیر نو کیلئے پاکستان کے عوام اور حکومت کے ساتھ اشتراک کار کو مضبوط بنانے کے امریکی عزم کو ظاہر کرتی ہیں۔

امریکہ نے 29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی جانب سے امداد کی اپیل پر اپنے فوری اور فراخدلانہ ردعمل کا اظہار کیا۔ اب تک امریکہ پاکستان امدادی سرگرمیوں کے لئے تقریباً 150 ملین ڈالر فراہم کر چکا ہے جن میں پاکستان کی نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کی کارروائیوں، اقوام متحدہ کے ہنگامی امدادی منصوبوں کیلئے، اور اس آفت پر ردعمل کا اظہار کرنے والی مقامی اور بین الاقوامی تنظیموں کو رقوم کی فراہمی شامل ہے۔ امریکہ مزید سامان اور تکنیکی امداد کی صورت میں بھی لاکھوں ڈالر فراہم کر رہا ہے۔

پاکستان میں آنے والے سیلاب پر یوایس ایڈ کے ردعمل کے بارے میں مزید جاننے کیلئے یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

www.usaid.gov/pakistanflooding

###